# جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

JDW
JDW Group

17-عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

## نوٹس برائے 35واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کا 35واں سالانہ اجلاسِ عام سمٹ ہال، رائل پام گولف اینڈ کنٹری کلب، 52-کینال بینک روڈ، لاہور میں بروز منگل 28 جنوری 2025ء کو صبح 10:00 بجے درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی اُمور:**

1- 01 نومبر 2024ء کو منعقدہ گذشتہ غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2- 30 ستمبر 2024ء کے مالی سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مشترکہ گوشوارے معہ ان پر چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

**نوٹ:**

30 ستمبر 2024ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی آفیشل ویب سائٹ یعنی www.jdw-group.com پر دستیاب کر دیا گیا ہے اور ذیل میں فراہم کردہ ویب لنک یا QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

| Web-Link | QR Code |
| --- | --- |
| http://www.jdwgroup.com/Reports/JDWAnnualReport30Sep2024.pdf | |

3- سال مختتمہ بابت 30 ستمبر 2024ء کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 03 جنوری 2025ء کو سفارش کردہ حتمی نقد منافع منقسمہ بابت مبلغ -/30 روپے (300%) فی حصص بمعہ عبوری نقد منافع منقسمہ مبلغ -/20 روپے (200%) فی حصص پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے جس سے کل منافع سال مختتمہ 30 ستمبر 2024ء کے لئے مبلغ -/50 روپے (500%) ہوگا کی منظوری۔

4- اگلے مالی سال 2024-2025 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے طے کرنا۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز ریاض احمد، ثاقب، گوہر اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کے لئے خود کو پیش کیا ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹر نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

5- صاحب صدر کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی کرنا۔

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
(کمپنی سیکریٹری/لیگل ہیڈ)

بمقام: لاہور
مورخہ: 07 جنوری 2025ء

## مندرجات:

**A- عمومی اُمور**

i) تمام اراکین سالانہ اجلاس عام ("AGM") میں شرکت اور رائے شماری کے اہل ہیں۔

ii) کمپنی کے شیئر ٹرانسفر کھاتہ جات بروز بدھ 22 جنوری 2025ء سے بروز منگل 28 جنوری 2025ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ بروز منگل 21 جنوری 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور (شیئرز رجسٹرار) کو موصول ٹرانسفرز کو بروقت وصولی شمار کیا جائے گا اور انہیں ڈیویڈنڈ وصول کرنے اور AGM میں رائے شماری کا حق حاصل ہوگا۔

iii) اراکین سے درخواست ہے کہ وہ شیئرز رجسٹرار/کمپنی/متعلقہ بروکرز کو فوراً مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں:

a) اپنی رابطہ کی تفصیلات/پتہ میں تبدیلی

b) IBAN زیر دفعہ 242 کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") بذریعہ مینڈیٹ فارم جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے

c) CZ-50 فارم (زکوۃ سے استثنیٰ)

iv) ایسے اراکین جو کسی وجہ سے اپنے گذشتہ منافع منقسمہ/حصص (اگر کوئی ہے) حاصل نہیں کر سکے تو اُن سے گذارش ہے کہ وہ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سے رابطہ کر کے ان کی وصولی سے متعلق معلومات حاصل کریں۔

v) ایکٹ کے سیکشن (1)134/(2)132 اور حکومت پاکستان/SECP کی ہمہ وقت جاری کردہ ہدایات کے مطابق کمپنی نے AGM میں فاصلاتی (virtual) شرکت کے لئے ضروری انتظامات کئے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے اراکین AGM کے انعقاد سے دو (02) ایام قبل اپنے شناخت/رائے کے ساتھ maqsoodmalhi@jdw-group.com سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**B- AGM میں شرکت اور شناخت کے لئے**

i) فرد واحد کی صورت میں: اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ شناخت کے لئے پیش کیا جائے۔

ii) ادارے کی صورت میں: بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمائندے کے نمونہ دستخط شناخت کے لئے پیش کئے جائیں۔

**C- پراکسیز کی تقرری کے لئے**

i) AGM میں شرکت اور رائے شماری کے اہل اراکین اپنی جگہ AGM میں شرکت اور رائے شماری کے لئے تحریری طور پر پراکسی/نمائندہ مقرر کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ مکمل پراکسی فارم AGM کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئرز رجسٹرار کو لازماً جمع کرایا جائے۔ پراکسی فارم مکمل پُر شدہ/کارآمد ہونا چاہئے اور مندرجہ ذیل ساتھ منسلک ہونے چاہئیں:

a) دو افراد سے گواہ شدہ

b) رکن اور پراکسی/نمائندے کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول

ii) پراکسی کا حامل فرد میٹنگ کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

**D- CDC اکاؤنٹ میں فزیکل حصص کی تبدیلی**

فزیکل حصص کے مالک اراکین کو اپنے حصص ایکٹ کے سیکشن 72 کے تحت CDC میں تبدیل کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

**E- شیئر ہولڈنگ تناسب کی تجدید**

اپنی شیئر ہولڈنگ کی تناسب کی تجدید نہ کرانے والے مشترکہ شیئر ہولڈرز کی متناسب شیئر ہولڈنگ کو (50:50) کا تناسب شمار کیا جائے گا۔

**F- پرنٹ شدہ کاپی**

اگر کوئی ممبر مذکورہ مالیاتی گوشوارں کی پرنٹ شدہ کاپی حاصل کرنے کا خواہاں ہو تو کمپنی سیکرٹری کو تحریری طور پر کہہ سکتا ہے کہ پرنٹ شدہ کاپی بذریعہ ڈاک ممبر کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجی جائے۔ پرنٹ شدہ کاپی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر بلا معاوضہ ارسال کر دی جائے گی۔